23/07/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پہلگام میں یاترا کے چندن واڑی اور ننون بیس کیمپوں کا دورہ کر کے وہاں یاتریوں کے علاوہ خدمات فراہم کرنے والوں اور متعلقہ ملازمین کے ساتھ بات چیت کی، جس دورا ن انہوننے شردھالوؤں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے یاترا انتظامات پر زبردست اطمینان کا اظہار کیا ۔

....LG...Yatra...

پورٹل

اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے جمونو کشمیر میں دہشت پسندی سے متاثرہ افراد اور کنبوں کو راحت پہنچانے کے ایک اہم ادارہ جاتی اقدم کے طور پر ایک مخصوص ویب پورٹل کا آغاز کیا۔انہوننے کہا کہ اس اقدام کی بدولت اِن افراد کو سرکاری نوکری فراہم کرنے اور دیگر قسم کی معاونت فراہم کرنے کا عمل تیز اور آسان ہو گا۔ یہ پورٹل ملی ٹنسی سے متاثرہ کنبوں کا ضلع وار ڈیٹا ایک جامع انداز میں سٹور کرنے کا ایک مرکزی پلیٹ فارم ہو گا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے قومی تعلیمی پالیسی کی کُلی عمل آوری یقینی بنانے کی وکالت کر تے سرینگر میں SKICC ہوئے تعلیم دانوں سے طالب علموں کو با اختیار بنانے کی استدعا کی ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 پر جموں وکشمیر میں عمل آوری یقینی بنانے سے متعلق ایک کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ قومی تعلیمی پالیسی اب 5سال پُرانی

ہوگئی ہے اور ہمیں اس بات کا جائزہ لینا ہو گا کہ اسے بہتر طریقے پر نافذ کرنے کےلئے کیا کچھ اور کیا جا سکتا ہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کولگام کے Brazloo پُل پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ وزیر موصوفہ نے متعلقہ افسروں اور عمل آوری ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ کام کی رفتار میں سرعت لا کر اس اہم پروجیکٹ کو وقت رہتے مکمل کریں ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کوڑے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لئے دیہی علاقوں میں اس کے لئے موجود بنیادی ڈھانچے کی آزادانہ جانچ کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ وہ کل سرینگر میں سوچھ بھارت مشن گرامین دوم اور دین دیال اُپادھیائے گرامین کوشلیہ یوجنا پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے ۔ میٹنگ میں حمایت سکیم کے چیف آپریٹنگ آفیسر رجنیش گپتا نے جانکاری دی کہ اس پہل کے تحت اب تک 17 ہزار نوجوانوں کو بر سر روزگار کیا گیا ہے ۔

مُسرت اسلام

محکمہ ہینڈی کرافٹس اینڈ ہینڈ لوم نے کشمیری دستکاری کے نام پر مشین سے بنے ہوئے قالین فروخت کرنے کی پاداش میں ٹنگمرگ کے ایک تاجر کو بلیک لسٹ کر کے اُس کے کاروباری یونٹ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی ہے۔

محکمے کے ڈائریکٹر مُسرت اسلام نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے اس بارے میں کہا۔

Mussarat Islam....----

مقابلہ

محکمہ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ جموں کشمیر نے 2025 کے یوم آزادی سے متعلق آن لائن مقابلوں کا اعلان کیا ہے ۔ تین زمروں کے مقابلوں میں شہری خاص طور پر نوجوان اور طالب علم اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور حب الوطنی کے جذبات کا اظہار کر سکتے ہیں ۔ خواہشمند طالب

علم اور دیگر افراد قومی ترانہ گانے // حب الوطنی سے متعلق آن لائن مضامین تحریر کر کے // اور کسی مجاہد آزادی کا خاکہ کھینچنے کے مقابلوں میں حصہ لے سکتے ہیں ۔

یاترا

موجودہ موسمی صورتحال کے با وجود سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں سے احسن طور جاری ہے ۔اب تک مجموعی طور پر تقریباً 3 لاکھ 35ہزاریاتری امر ناتھ گپھا مینحاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کر چکے ہیں ۔ اس بیچ جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 2 ہزار 837 یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔حالانکہ قومی شاہراہ کے کئی مقامات پر بارشیں ہو رہی ہیں البتہ نیشنل ہائی وے پر گاڑیونکی آمد رفت معمول کے مطابق جاری ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ